12.20.21

کارکنان کے لیے سہولتوں سے متعلق رہنمائی

کمشنر برائے صحت کے 13 دسمبر 2021 کے آرڈر کے مطابق جائے کار سے ایسے عملہ کو نکال دینے کا تقاضا کیا جاتا ہے جنہیں ٹیکہ نہیں لگا ہے اور جو زیادہ سے زیادہ 27 دسمبر 2021 تک آرڈر کے ذریعے فراہم کردہ استثناء میں فٹ نہیں بیٹھتے ہیں۔

اس آرڈر کے سیکشن 6 کے بموجب، کارکنان اس تقاضے سے مستثنی قرار دیے جانے کی خاطر معقول سہولت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ معقول سہولتیں مذہبی وجوہات سے اور ضبط تحریر شدہ طبی وجوہات (بشمول حمل سے متعلق ضبط تحریر شدہ طبی وجوہات) سے دی جا سکتی ہیں۔

کچھ معاملات میں جو شخص گھریلو تشدد، جنسی جرائم یا تعاقب کا شکار ہے اسے ٹیکہ لگوانے کے لیے وقت میں ایک مختصر توسیع کی اجازت دینا مناسب ہو سکتا ہے۔ اس بنیاد پر معقول سہولت کے دعوے کی تائید سوشل ورکر، اہل کلیسا یا دیگر ایسے پیشہ ور فرد کی جانب سے دستاویزی شہادت سے ہونی چاہیے جو متاثرہ فرد کے بطور کارکن کی حیثیت کی تصدیق کر سکتا ہو۔

آجر ایسی سہولتوں سے انکار کر سکتے ہیں جو آجروں پر غیر ضروری بوجھ ڈالتے ہوں۔ کمیشن برائے مساوی ملازمت کا موقع (Equal Employment Opportunity Commission, EEOC) کی رہنمائی بتاتی ہے کہ غیر ضروری تنگی کا وجود ہے یا نہیں اس کی بنیاد متعدد عوامل کے تجزیے پر ہونی چاہیے، بشمول:

• درکار سہولت کی نوعیت اور لاگت؛

• معقول سہولت تیار کرتے ہوئے فسیلیٹی کے مجموعی مالی وسائل؛ اس فسلیٹی میں بر سر ملازمت افراد کی تعداد؛ فسیلیٹی کے اخراجات اور وسائل پر پڑنے والے اثرات؛

• مجموعی مالی وسائل، سائز، ملازمین کی تعداد اور آجر کی فسیلیٹیز کی قسم اور مقام (اگر معقول سہولت میں شامل فسیلیٹی کسی بڑے ادارے کاحصہ ہے)؛

• آجر کے آپریشن کی قسم، بشمول افرادی قوت کا ڈھانچہ اور فنکشنز، جغرافیائی علیحدگی اور سہولت تیار کرنے میں شامل فسیلیٹی کا آجر سے انتظامی یا مالیاتی رشتہ؛

• فسیلیٹی کے آپریشن پر سہولت کا اثر۔

منسلک جانچ فہرست قانونی مشورہ نہیں ہے۔ جانچ فہرستیں ان درخواستوں کی قدر پیمائی کرنے میں آجروں اور مینیجروں کی رہنمائی کے ارادے سے ہیں جو انہیں کارکنان کی جانب سے معقول سہولتوں یا COVID-19 کے خلاف انہیں ٹیکہ لگا ہوا ہونے کے تقاضوں سے استثناء کے مدنظر موصول ہو سکتی ہیں۔ یہ لائسنس یافتہ اٹارنی کی جانب سے قانونی مشورے کے ارادے سے نہیں ہے، نہ ہی یہ اس کا بدل ہے۔

معقول سہولت کی کارروائی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے آپ نیو یارک سٹی کا کمیشن برائے انسانی حقوق (New York City Commission on Human Rights) اور کمیشن برائے مساوی ملازمت کا موقع کی فراہم کردہ معلومات کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

جو کوئی استثناء یا سہولتیں دی جاتی ہیں ان کے ریکارڈ کے بطور پیش کرنے کے لیے مکمل کردہ جانچ فہرستوں کی کاپیاں سنبھال کر رکھیں۔

12.20.21

<u>**طبی وجوہات کے مدنظر سہولت**</u>

تمام طبی دستاویزی شہادت درست طبی لائسنس رکھنے والے کارکن کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی جانب سے ہونا ضروری ہیں۔ درج ذیل حالات وفاقی مراکز برائے مرض کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) اور نیو یارک سٹی کے محکمۂ صحت و ذہنی حفظان صحت کے (New York City Department of Health and Mental Hygiene) ذریعہ ٹیکہ کاری سے طبی استثناء کی اہمیت کے حامل پائے گئے ہیں:

1. <u>**مستقل**</u> طبی اسثناء منظور کیا جا سکتا ہے اگر:

☐ کارکن کو COVID-19 کے تمام تینوں منظور شدہ ٹیکوں کی پچھلی خوراک کے بعد یا اس کے کسی جز کے تئیں شدید الرجی زا ردعمل (مثلاً، زود حسی یا اینجیو ایڈیما) ہوا تھا

☐ کارکن کو COVID-19 کے تمام تینوں منظور شدہ ٹیکوں کے کسی جز کے تئیں کوئی معلوم تشخیص شدہ الرجی ہے

2. <u>**عارضی**</u> طبی استثناء منظور کیا جا سکتا ہے اگر:

☐ کارکن نے یہ ثابت کرتے ہوئے طبی دستاویزی شہادت پیش کر دی ہو کہ وہ COVID-19 کے یک خلوی اینٹی باڈی یا رو بہ صحت پلازما ٹریٹمنٹ سے 90 دنوں کے اندر ہیں۔

☐ کارکن نے یہ ثابت کرتے ہوئے طبی دستاویزی شہادت پیش کر دی ہو کہ انہوں نے حال میں اسٹیم سیل ٹرانسپلانٹ، CAR ٹی سیل تھراپی، یا دیگر تھراپی یا معالجہ کروایا ہے جس سے ٹیکہ کاری کے تئیں موزوں طریقے سے ردعمل کرنے کی کارکن کی صلاحیت میں عارضی طور پر خلل پڑے گا، یا معالجہ کے سبب ایک مامونیتی ردعمل بڑھ جائے گا۔

☐ کارکن کو غلاف قلب کی سوزش یا عضلات قلب کی سوزش ہے

عارضی طبی استثناء کی طوالت کا تعین طبی دستاویزی شہادت پر غور کرنے کے بعد معاملہ در معاملہ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ ملازم سے عارضی مدت کے اختتام تک ٹیکہ لگوا لینے کا تقاضا کیا جائے گا۔

اگر 1 یا 2 مذکورہ بالا باکسوں میں سے ایک کو بھی نشان زد کیا گیا ہے تو کارکنان کو سہولت مل سکتی ہے اور انہیں ٹیکہ نہیں لگایا جائے گا۔

<u>**سہولت**</u>

☐ COVID-19 کے لیے ہفتہ وار PCR ٹیسٹنگ اور جب کھا یا پی نہیں رہے ہوں تو ہمہ وقت ماسک لگانا۔ کھانے یا پینے کا عمل دوسرے لوگوں سے کم از کم چھ فٹ کی دوری پر ہونا ضروری ہے۔

☐ ٹیلی ورک یا ریموٹ ورک جو دوسروں کو سہولت فراہم کردہ کارکن کی زد میں نہیں لاتا ہے۔

☐ غیر حاضری کی چھٹی

☐ دیگر ______________________________

☐ اس وجہ سے سہولت نہیں دی جاتی ہے کہ ٹیکہ نہیں لگوائے ہوئے کارکن سے خود اس کو یا دوسروں کو براہ راست خطرہ لاحق ہونے کا امکان ہوگا۔

☐ اس وجہ سے سہولت نہیں دی جاتی ہے کہ سہولت سے آجر پر غیر ضروری بوجھ پڑتا ہے

کارکن کا نام:______________________ تاریخ: ______________________

عارضی سہولت کی اختتامی تاریخ: ______________________

آجر کا نمائندہ: ______________________ عہدہ: ______________________

12.20.21

<u>مذہبی وجوہات کے مدنظر سہولت</u>

1. کیا درخواست کی بنیاد <u>کلی طور پر</u> ذاتی، سیاسی، یا فلسفیانہ ترجیح پر ہے؟
☐ حکومت کو چاہیے کہ ٹیکہ لگوانے پر مجبور نہ کرے یا طبی فیصلوں میں مداخلت نہ کرے
☐ یہ ٹیکہ محفوظ نہیں ہے یا غیر مؤثر ہے
☐ COVID ایک جھانسہ ہے
☐ ذاتی، سیاسی یا فلسفیانہ اعتقاد کی دیگر تشریح ____

____

اگر مذکورہ بالا میں سے کوئی بھی سہولت کی درخواست کی واحد بنیاد ہے تو کارکن مذہبی سہولت کے لیے اہل قرار نہیں پاتا ہے۔

2. کیا درخواست کی بنیاد مخلصانہ طور پر مذہبی، طور طریق، یا اخلاقی اعتقاد رکھنے پر ہے؟
☐ کارکن نے وضاحت کی ہے/تحریر کیا ہے کہ کس طرح یہ اعتقاد کارکن سے ٹیکہ نہیں لگوانے کا تقاضا کرتا ہے
> مثلاً، کارکن کا یہ کہنا کہ وہ ایک خاص مذہب پر عمل پیرا ہیں اپنے آپ میں کافی نہیں ہے
> پادری کا خط مطلوب نہیں ہے، لیکن جب پادری ایسا فرد ہو جس کا ملازم سے ذاتی رشتہ ہو تو یہ مفید یا مائل کن ہے؛ فورم کے خطوط یا شہر سے باہر کے پادری کے خطوط جو نہیں جانتا ہے کہ کارکن عام طور پر نہیں ہیں۔
☐ کارکن نے اس سے پہلے دوسری قسم کی ٹیکہ کاری نہیں کروائی ہے
>اگر کارکن نے دوسرا ٹیکہ موصول کیا ہے تو انہیں یہ وضاحت کرنی چاہیے کہ وہ ٹیکے کیوں ان کے مذہب کے خلاف نہیں تھے۔
☐ کارکنان کا کہنا ہے کہ مذہبی اعتقاد انہیں مخصوص مادے اپنے جسم میں داخل کرنے دینے سے روکتے ہیں ¬
>اگر ہاں، تو کارکن کو چاہیے کہ دیگر عمومی طور پر مستعمل دواؤں، غذا/مشروب، یا دیگر مادے کو درج/بیان کریں جنہیں وہ اپنے جسموں میں داخل نہیں کرنے دیتے ہیں۔

____

☐ کارکن کا کہنا ہے کہ وہ اس وجہ سے ٹیکہ نہیں لے سکتے کہ اسے ایسے جنینی خلیوں کا استعمال کر کے تیار اور/یا ٹیسٹ کیا گیا تھا جس کے بارے میں کارکن کو تشویش ہے کہ وہ اسقاط حمل کا نتیجہ ہو سکتا ہے ¬
>کیا کارکن آئبوپروفین (Advil)، اسیٹامینوفین (Tylenol)، یا جنینی خلیہ کی استنباطی لائنیں استعمال کر کے اسی طرح سے تیار کردہ یا ٹیسٹ کردہ دیگر دوائیں لیتا ہے؟ اس طرح کا رویہ اس مذہبی اعتقاد سے غیر ہم آہنگ ہوگا اور عام طور پر اس کا مطلب یہ ہوگا کہ کارکن کو سہولت سے منع کر دیا جائے گا۔

اگر مذکورہ بالا میں سے کسی کو بھی نشان زد کیا گیا ہو تو کارکن مذہبی سہولت کے مدنظر اہل قرار پا سکتا ہے۔

<u>سہولت</u>

☐ COVID-19 کے لیے ہفتہ وار PCR ٹیسٹنگ اور جب کھا یا پی نہیں رہے ہوں تو ہمہ وقت ماسک لگانا۔ کھانے یا پینے کا عمل دوسرے لوگوں سے کم از کم چھ فٹ کی دوری پر ہونا ضروری ہے۔
☐ ٹیلی ورک یا ریموٹ ورک جو دوسروں کو سہولت فراہم کردہ کارکن کی زد میں نہیں لاتا ہے۔
☐ غیر حاضری کی چھٹی
☐ دیگر____
☐ اس وجہ سے سہولت نہیں دی جاتی ہے کہ ٹیکہ نہیں لگوائے ہوئے کارکن سے خود اس کو یا دوسروں کو براہ راست خطرہ لاحق ہونے کا امکان ہوگا۔
☐ اس وجہ سے سہولت نہیں دی جاتی ہے کہ سہولت سے آجر پر غیر ضروری بوجھ پڑتا ہے

کارکن کا نام:________________________________ تاریخ: ____________________

آجر کا نمائندہ: ____________________________ عہدہ: ____________________